مطبوعات

بائیبل سے قرآن تک حصہ دوم | تالیف مولانا رحمت اللہ کیرانوی مرحوم ترجمہ مولانا اکبر علی صاحب شرح و تحقیق مولانا محمد تقی عثمانی صاحب صفحات ۵۲۸ قیمت مجلد -/۱۵ روپے۔ ناشر مکتبہ دارالعلوم کراچی

برصغیر میں جب انگریزوں کا عمل دخل شروع ہوا تو سیاسی غلبے کے ساتھ ہی عیسائی مشنریوں نے مسلمانوں میں عیسائیت کی تبلیغ زور شور سے شروع کر دی۔ مذہبی میدان میں عیسائیوں کو قدم پھیلاتے دیکھ کر اسلام کا درد رکھنے والے علمائے کرام نے عیسائیت کی حقیقت کو بے نقاب کرنا ضروری سمجھا۔ تاکہ مسلمانوں کو اس کے اثرات سے بچایا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے حضرات علماء نے تحریر و تقریر اور بحث و مناظرہ کی ہر ممکن صورت اختیار فرمائی۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی مرحوم کی بلند پایہ تصنیف "اظہار الحق" بھی اسی سلسلہ کی ایک مضبوط کڑی ہے۔ بائبل سے قرآن تک اسی کتاب کا اردو ترجمہ ہے جو تین بڑی جلدوں پر پھیلا ہوا ہے۔ اس وقت ہمارے پیش نظر دوسری جلد یہ ہے۔ اس جلد کا آغاز دوسرے باب سے ہوتا ہے جس میں بائبل کی تحریفات کا ذکر ہے۔ تیسرے باب میں نسخ کا معنی و مفہوم اور اس کی اقسام مع شواہد و امثلہ بیان کی گئی ہیں۔ چوتھے باب میں عقیدۂ تثلیث کو عقل کی کسوٹی پر پرکھ کر واضح کیا گیا ہے کہ یہ ایک بے اصل عقیدہ ہے۔ پانچویں باب میں قرآنِ پاک کا کلامِ الٰہی ہونا، اعجازِ قرآن کے دلائل سے ثابت کیا گیا ہے۔ نیز قرآن پر عیسائیوں کے اعتراضات کا جواب دیا ہے اور ضمناً احادیث کی صحت کا ثبوت بھی پیش کیا ہے۔

"بائبل سے قرآن تک"، عیسائیت کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے نہایت مفید کتاب ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ پندرہ سو صفحات پر مشتمل اس ضخیم کتاب کی ایک تلخیص شائع کر دی جائے تاکہ اس کا دائرۂ اثر وسیع تر ہو سکے۔